آرمی برن ہال کالج برائے طالبات

داخلہ ٹیسٹ برائے جماعت: کیمبرج ہفتم

جماعت: کیمبرج ہفتم ٹیسٹ

:اردو

وقت: ایک گھنٹہ

کل نمبر:50

سوال نمبر1: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔(تین پیراگراف)

(10)

1۔ آلودگی کے نقصانات 2۔ایک یادگار تفریحی سفر

سوال نمبر2۔ سہیلی کے نام خط لکھیں اور اسے اپنی سالگرہ کی دعوت دیں۔

(10)

یا

آپ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے بیرون ملک جانا چاہتی ہیں لیکن آپ کی والدہ نہیں مان رہیں، پیش آنے والا مکالمہ لکھیں۔

سوال نمبر3۔ درج ذیل محاورات کے جملے بنائیں۔

(10)

پانی پھیر دینا۔ بات کاٹنا ۔ آنکھیں دکھانا۔ دل توڑنا۔ کان بھرنا

سوال نمبر4 (الف): درج ذیل کے متضاد لکھیں۔

(05)

غلام صبح جھوٹ آغاز نیکی

(ب): درج ذیل واحد کی جمع لکھیں۔

(05)

قبیلہ ایجاد رسالہ مقصد حرف

سوال نمبر5: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں۔ (10)

رتن کے معنی ہیں نگینے۔ بیربل، فیضی اور ابوالفضل کا شمار بھی اکبر کے نورتنوں میں ہوتا تھا۔ یہ سب کسی نہ کسی فن میں یکتا تھے۔ایک دفعہ سننے کے بعد فیضی کسی بھی غزل کو اس طرح دہراتے تھے جیسے وہ انہوں نے ہی لکھی ہو۔ابوالفضل اپنی دوسری صلاحیتوں کے ساتھ اکبر نامہ اور آئینِ اکبری جیسی تصانیف کے خالق ہیں۔ تان سین کلاسیقی موسیقی کے شہنشاہ کہلاتے ہیں۔ میگھ ملہار، راج دیپک، بھیروی، راگیشوری، سارنگ اور دوسرے کئی راگوں کی تخلیق کا سہرا میاں تان سین کے سر ہے۔ان کی ساز و آواز میں وہ جادو تھا کہ جب راگ دیپک شروع کرتے تو آگ بھڑکنے لگتی۔جب میگھ ملہار چھیڑتے تو بادل گھر آتے اور ابرِ رحمت برسنا

شروع ہو جاتا۔ جب مست ہو کر گانا شروع کرتے تو اکبر کے دربار کی شمعیں خود بخود روشن ہو جاتیں۔ نفیس مشروبات سے لبریز شیشے کے جام چیخ جاتے۔

سوالات:

1۔ اکبر کے نورتنوں میں کون کون شامل تھا اور وہ کیسے لوگ تھے؟

2۔ تان سین نے کون سے راگ تخلیق کیے؟

3۔ تان سین کی موسیقی کی دو خصوصیات لکھیں۔

4۔ ابو الفضل اور فیضی کی اہمیت کن باتوں سے ظاہر ہوتی ہے؟

5۔ دی گئی عبارت کا خلاصہ لکھیں۔